tnkalvi.online

No. of Printed Pages : **7**

6105

Register Number

Language — Part I — URDU

Time Allowed : 3.00 Hours] [Maximum Marks : 100

Instructions : (1) Check the question paper for fairness of printing. If there is any lack of fairness, inform the Hall Supervisor immediately.

(2) Use **Blue** or **Black** ink to write and underline and pencil to draw diagrams.

نوٹ : (1) صاف طباعت کے لئے پرچہ جانچ لیں۔ طباعت کی مشکل ہوتو امتحان ہال کے نگران کو اطلاع دیں۔

(2) سیاہ یا نیلی روشنائی کا استعمال لکھنے کے لئے کریں۔

PART - I / حصّہ اوّل

(15 Marks)

15x1=15 صحیح جواب منتخب کیجئے۔

(Choose the **correct** option.)

1. ہجرت کے موقع پر لوگوں کی امانتیں واپس کرنے آپؐ _____ کو مقرر فرمایا۔

(الف) حضرت عمرؓ (ب) حضرت علیؓ (ج) حضرت عثمانؓ

2. شمالی ہند میں اردو زبان کو ادبی حیثیت دینے والے شاعر _____۔

(الف) ولّی دکنی (ب) سراج اورنگ آبادی (ج) محمد قلی قطب شاہ

3. کرتی ہے سب سے _____ اردو زبان ہماری۔

(الف) دشمنی (ب) پیار (ج) یاری

[Turn over

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

4. _____ معاشرے کا اہم حصّہ ہیں۔

(الف) طلبہ (ب) اساتذہ (ج) عمائدین

5. تروکرل میں _____ ابواب ہیں اور ہر ایک باب میں _____ اشعار ہیں۔

(الف) 133, 10 (ب) 134,10 (ج) 136,10

6. مولانا محمد حسین آزاد کی کتاب _____ ہے۔

(الف) آب حیات (ب) حیات جاوید (ج) یادگار غالب

جوڑ لگائیے۔

(Match the following.)

7. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وشخصیت _ شاہ جہاں

8. ایک بالغ انسانی دماغ کا لگ بھگ وزن _ اسوۂ کامل ہے

9. اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر _ تیں پاؤنڈز

10. تاج محل _ محمد قلی قطب شاہ

_ شاہ عبدالقادر دہلویؒ

_ علاّمہ اقبال

مختصر جواب لکھئے

(Write in brief.)

11. اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

12. مصدر کی علامت کیا ہے ؟

13. فعل کس کو کہتے ہیں ؟

14. کلمہ یا لفظ کتنے طرح کا ہوتا ہے ؟

15. ''نے'' کس کی علامت ہے ؟

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

PART - II / حصّہ دوم

(18 Marks)

SECTION - 1

4x2=8 ذیل کے سوالات میں سے صرف چار کے جوابات لکھئے۔

(Answer **any four** questions.)

16. شاعر کسے تجلیوں کا مرکز قرار دیتا ہے اور اسے کیا نام دیتا ہے ؟

17. رات پھر پھیرے لگانے والے کا دن میں کیا حال تھا ؟

18. تخلیقِ عمل کا کارنامہ کیا ہے ؟

19. محبوب سے ملنے پر شاعر کو خوشی کیونہیں ہوئی ؟

20. اردو زبان کے تعلق سے شاعر کے ہونٹوں پر کیا دعائیں آتی ہیں ؟

21. ''معدنِ کوہ'' اور ''دشت و دریا'' کے معنی کیا ہیں ؟

SECTION - 2

5x2=10 ذیل کے سوالوں میں کسی پانچ کے جوابات لکھئے۔

(Answer **any five** questions.)

22. احترامِ انسانیت کے لئے کون سی چار چیزوں کی حفاظت ضروری ہے ؟

23. امیر خسرو کے کلام میں کن زبانوں کا امتزاج نظر آتا ہے ؟

24. کاہلی یا سستی طلبہ کو کس بات کا عادی بنا دیتی ہے ؟

25. والدین اور اساتذہ طلبہ کے حق میں کیا ثابت ہوئے ہیں ؟

26. ڈرامہ کی تعریف کیجئے ؟

27. تمل ادب کی تاریخ کتنی پرانی ہے ؟

28. ترولور کو کیا کیا اعزازی القاب دئے گئے ؟

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

PART - III / حصّہ سوم

(18 Marks)

SECTION - 1

ذیل کے اشعار میں سے کسی دو کی تشریح بحوالہ متن کیجئے۔ **2x3=6**

(Explain **any two** couplets with reference to the context.)

29. اس دل کی ہر خوشی پر جنت کا عیش قرباں
جس دل پہ چھا گیا ہو کیف و سرور تیرا

30. وسعتیں کتنی تھیں خاموش سی میرے اندر
رات نورانی تھی روشن تھے سویرے اندر

31. اے ماؤ بہنو، بیٹیو! دنیا کی زینت تم سے ہے
ملکوں کی بستی ہو تمہیں قوموں کی عزت تم سے ہے

SECTION - 2

ذیل کے سوالات میں صرف دو کے جواب لکھئے۔ سوال نمبر **34** لازمی ہے۔ **2x3=6**

(Write **any two** questions. Question No. **34** is **compulsory**.)

32. انسانی دماغ کے نشوونما اور اس کے وزن میں کتنی بار تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ؟

33. طلبہ اپنے اوقات کو کس طرح استعمال کریں ؟

34. (a) زمین نے کن چیزوں کو کثافت کا سبب بتایا ہے ؟

یا

(b) ترولور کا تعارف ایک پیراگراف میں لکھئے ؟

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

SECTION - 3

درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب مطلوب ہیں۔ **2x3=6**

(Answer **any two** of the following.)

.35 اسم عام اور اسم خاص کی تعریف کیجئے۔

.36 معنوی لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں لکھئے ؟

.37 '' نے '' اور '' کو '' کس کس کی علامتیں ہیں ؟

PART - IV / حصّہ چہارم

(25 Marks)

کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ **5x5=25**

(Write the summary of **any one** poem.)

.38 (a) ''حمد باری تعالیٰ '' نظم کا خلاصہ لکھئے۔

یا

(b) نظم '' ایک آرزو '' میں شاعر نے کس طرح منظر کشی کی ہے ؟

ذیل کے اشعار اپنی یادداشت سے اس طرح لکھیں کے ترتیب بدلنے نہ پائے۔

.39 (a) پھولوں میں ---------- سے ---------- گلزارِ نور تیرا (تک)

یا

(b) جو آیا ہے ---------- سے ---------- لیا ہے میں نے (تک)

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

40. درج ذیل نظم غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جوابات لکھیں :

ہستی اپنی حباب سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

ناز کی اس لب کی کیا کہئے
پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اس اضطراب کی سی ہے

میں جو بولا کہا کہ یہ آواز
اس خانہ خراب کی سی ہے

میر ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

(میر تقی میرؔ)

سوالات :

(i) شاعر نے ہستی کو حباب کیوں کہا ہے ؟

(ii) شاعر نے لبوں کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے ؟

(iii) شاعر محبوب کے در پہ کیوں جاتا ہے ؟

(iv) شاعر کا نام اور تخلص بیان کیجئے ؟

(v) تخلص کا استعمال شاعر کہاں کرتا ہے اور وہ شعر کون سا ہے ؟ لکھئے ؟

41. ذیل کی انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

(Translate into Urdu).

Aadhaar is a 12 digit individual identification number issued by the Unique Identification Authority of India on behalf of the Government of India. The number serves as a proof of identity and address, anywhere in India.

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share

tnkalvi.online

42. ذیل میں سے کوئی ایک خط تحریر کیجئے :

(a) اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی پر دعوت دی گئی ہو۔

یا

(b) ہیڈ ماسٹر کے نام ایک خط لکھئے جس میں چھٹی طلب کرنے کی درخواست ہو۔

PART - V / حصّہ پنجم

(24 Marks)

43. ذیل کے کسی ایک سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ **3x8=24**

(Write summary of **any one** lesson.)

(a) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ، رحمت واُلفت کے آئینہ میں

یا

(b) اردو زبان کا آغاز وارتقاء

44. ذیل میں دی گئی نان ڈیٹیل کے حصّے سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔

(a) اونچی اڑان

یا

(b) گزرا ہوا زمانہ

45. درج ذیل عناوین میں **کسی ایک** عنوان پر مضمون لکھئے۔

(a) ہمارا وطن۔ ہندوستان

یا

(b) والدین کی اطاعت وفرمابرداری

- o O o -

TN Kalvi Online · tnkalvi.online/question-papers/class-10-urdu-public-may-2022 · Source: DGE TN
Share your study materials with us: tnkalvi.online/share